# ازدفتر ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور

## «شرائط نیلامی»

ٹھیکہ وصولی سائن بورڈ (وبرقی اشتہارات) فیس / ٹیکس درحدود ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور (ماسوائے N-5 یونیورسٹی روڈ KFC تا حیات آباد چوک وجنوباً ایریا رنگ روڈ)220sft شمالاً اور جنوباً مکمل (حدود تحصیل پشتخرہ)

برائے معیاد ایک سال ازیکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء

1) یہ کہ ڈائریکٹوریٹ ویسٹ یا کسی دوسرے بلدیاتی ادارے کا بقایادار / نادہندہ نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر دوران نیلامی کامیاب بولی دہندہ مقروض ثابت ہوا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ کر کے زربیعانہ بحق ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور ضبط ہوگا۔

2) یہ کہ نیلامی میں صرف وہ ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں جو لوکل کونسل بورڈ سے رجسٹرڈ شدہ برائے سال 2026-27ء ہوں اور بوقت نیلامی رجسٹریشن وقومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول پیش کریں گے۔

3) یہ کہ ٹھیکہ کی معیاد ایک سال ازیکم جولائی 2026ء سے شروع ہو کر 30 جون 2027ء تک ہوگی۔ جب کہ سرکاری بولی پچھلے سال کے آمدن پر 10% اضافہ کر کے مقرر کی جائے گی۔

4) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ہر مہینے کی پانچ تاریخ تک قسط جمع کرانی ہوگی۔ 10 تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں دو فیصد جرمانہ عائد کی جائے گی۔ تعمیل نہ کرنے پر 03 عدد نوٹسز مختلف میعاد کی جاری کی جائے گی۔ عدم رابطہ پر ٹھیکہ دار کے Risk & Cost پر کینسل کیا جائے گا۔

5) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ یکمشت فیس وصولی ٹیکس میں 50% فیصد ایڈوانس جبکہ بقایا 50% فیصد 3 مساوی اقساط 2026 میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

6) یہ کہ غیر تسلی بخش ریٹ دینے کی صورت میں ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا اور دفتر ہذا کی طرف سے اشتہار پر اخراجات ٹھیکہ دار سے وصول کی جائے گی۔

7) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ کوئی بورڈ فکسنگ کرنے سے پہلے (ہر قسم بورڈ، نیون، سائن بورڈ، بل بورڈ پول، ٹرائی وژن وغیرہ) جگہ اور سائز کی منظوری مجاز آفسران ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ سے حاصل کریگا۔

8) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کی پیشکش منظور ہونے کے بعد سات (07) یوم کے اندر اندر دفتری ایام میں ایگریمنٹ تحریر کریں گا۔ بمع دو ضامنتی جن کے پاس ٹھیکہ کی مالیت کے مطابق ملکیت موجود ہو۔ جو کہ درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق ہوئی ہو۔

9) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صرف ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور کے حدود میں شیڈول کیمطابق وصولی کرنے کا حقدار ہوگا۔ ماسوائے جی ٹی روڈ، رنگ روڈ بمعہ جنوباً ایریا رنگ روڈ (موجودہ تحصیل پشتخرہ)۔

10) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ انکم ٹیکس کے شق نمبر 236-A کے مطابق حکومت کی طرف سے لاگو شدہ انکم ٹیکس شرح دس فیصد (10%) بصورت فائلرز جبکہ بیس فیصد (20%) نان فائلرز انکم ٹیکس بولی کی رقم کے علاوہ علیحدہ سے ادا کرنے کا پابند ہوگا اور اگر صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

11) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ فیس اگر مقررہ شرح سے زیادہ وصول کریگا تو کامیاب بولی دہندہ وصول کردہ ٹیکس کے گیارہ گناہ جرمانے کا مرتکب ہوگا جس کے خلاف قانونی کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی جس میں ٹھیکہ منسوخ کر کے جمع شدہ زرضمانت 5% پانچ فیصد بحق سرکار ضبط کردی جائی گی۔

12) یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ فریقین کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو کامیاب بولی دہندہ ایک مہینے کے اندر اندر جنرل میونسپل آفیسر پشاور سے ثالثی کے لئے رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

13 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو سب لیٹ(Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کی نقصان(Risk & Cost) پر منسوخ کرکے دوبارہ بقیہ میعاد کے لیے نیلام کیا جائے گا۔

14 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو دوران ٹھیکہ کسی قسم کا نقصان اٹھانا پڑا تو ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کمیونل میٹروپولیٹن پشاور اسے پورا کرنے کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

15 یہ کہ (ا) کسی اشتہاری بورڈ کی اونچائی اور چوڑائی اتنی ہوگی کہ اس سے ٹریفک، عوام اور کسی پرائیویٹ جائیداد کو نقصان نہ پہنچے نیز بورڈ کے سائز اور تنصیب ادارے کی Bye-Laws کے مطابق ہوگی (ب) ٹھیکیدار سرکاری اور غیر سرکاری جائیداد کا بدوران نصبی بورڈ وغیرہ میں انسانی زندگی کے تحفظ کا ذمہ دار ہوگا (ج) ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ اونچی بلڈنگ پر بورڈ نصب کرنے سے قبل سٹرکچر انجینیر سے NOC لینے کا پابند ہوگا۔

16 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ اس چیز کا کوئی دعویٰ نہیں کریگا جس کو ڈائریکٹوریٹ ویسٹ کمیونل میٹروپولیٹن پشاور اور صوبائی حکومت مستثنیٰ قرار دے۔

17 یہ کہ صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات صادر ہوئی ہو یا ہونگے فریقین ان احکامات کے پابند ہونگے۔

18 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صوبائی حکومت لوکل کونسل بورڈ سے جاری شدہ شرائط وضوابط برائے سال 27-2026 بحوالہ چھٹی نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07May2026 کا پابند رہے گا۔

19) یہ کہ ایسا بورڈ جس پر ماسوائے دوکان کے شناخت کے کسی کمپنی کی مشتہری یا لوگو موجود نہ ہو تو وہ ٹیکس سے مستثنیٰ ہوگا بشرط یہ کہ سائز 2X2 سے زائد نہ ہو۔

20) یہ کہ شرائط نیلامی اور اقرارنامہ مابین فریقین عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ سوخت و منسوخ تصور ہوگا۔ اور ٹھیکیدار کسی قسم کی وصولی کا حقدار و مجاز نہ ہوگا۔

21 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ سے Defaulter ہونے کی صورت میں ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ اور واجب الادہ رقم کو بذریعہ لینڈریونیو ایکٹ کے تحت وصول کی جائیگی۔

22 یہ کہ محکمہ ہذا کے ریکارڈ میں رسید بکس کی عدم موجودگی کی وجہ سے مذکورہ ٹھیکدار رسید بکس باہر سے چھپوانے کے لئے انتظامیہ سے باضابطہ اجازت لے کر تمام رسید بک محکمہ ہذا کے ریکارڈ رجسٹر میں درج کر کے وصول کرنے کا پابند ہوگا۔

23 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ فیس وصولی کے لئے سرکاری اہلکار درکار ہو تو کامیاب بولی دہندہ بذریعہ درخواست طلب کرے گا۔ تاہم مذکورہ اہلکار کی جملہ تنخواہ بمع الاونسز پینشن کنٹریبوشن، میڈیکل الاونسز اور 48 یوم کی تنخواہ جو حکومت نے ہر ملازم کے لئے منظور کی ہوئی ہے فریق دوئم ادا کرے گا۔ جبکہ پرائیویٹ اہلکار کے ذریعے ٹیکس وصولی کی صورت میں تمام ترکوائف دفتر ہذا کی متعلقہ برانچ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

شرائط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان کی پابندی کی جائے گی۔

CS CamScanner